رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of دہلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com
25 YEARS TRUST AND PURITY

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی•ممبئی•کولکاتا•لکھنؤ•گورکھپور•کانپور•پٹنہ•حیدرآباد•اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA LUCKNOW
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi•Mumbai•Kolkata
Lucknow•Gorakhpur•Kanpur
Patna•Hyderabad•Bengaluru
LUCKNOW (CITY) Pages: 12 ₹ 4/- Vol:25 Issue :8942 •حب الوطنی •فرض شناسی •ایثار «یعنی مکمل سچ» 15/ذی الحجہ 1445ھ ہفتہ شمارہ نمبر:8942 سال:25 Saturday 22 June 2024

ملک کے آبی ذخائر میں صرف 21 فیصد پانی بچا ▫ سینٹرل واٹر کمیشن کی رپورٹ میں چونکا دینے والے دعوے

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

ملک میں شدید گرمی نے جہاں لوگوں کے پسینے چھڑائے ہیں وہیں پانی کے ذخیروں بھی خشک کر دیا ہے۔ سنٹرل واٹر کمیشن کی حالیہ رپورٹ میں کچھ ایسے ہی اعداد وشمار سامنے آئے ہیں جس سے ہرکسی کی پریشانی بڑھ سکتی ہے۔ واٹر کمیشن کی رپورٹ کے مطابق ملک کے 150 اہم آبی ذخائر میں پانی کی مقدار کم ہوکر صرف 21 فیصد رہ گئی ہے۔ ہائیڈرو پاور پروجیکٹس اور پانی کی فراہمی کیلئے بہت اہم سمجھے جانے والے ان آبی ذخائر کی مشترکہ ذخیرہ کرنے کی گنجائش 178.784 بلین کیوبک میٹر (بی سی ایم) ہے جوکہ ملک کی کل پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت کا تقریباً 69.35 فیصد ہے۔ جمعرات تک ان آبی ذخائر میں دستیاب ذخیرہ 37.662 بی سی ایم ہے، جو ان کی کل گنجائش کا 21 فیصد ہے۔ مجموعی طور پر 150 آبی ذخائر میں دستیاب لائیو اسٹوریج 54.310 بی سی ایم ہے جبکہ تخمینہ کل گنجائش 257.812 بی سی ایم ہے۔ یہ تعداد گزشتہ سال کے اعداد وشمار سے کم ہے۔ سنٹرل واٹر کمیشن کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ آبی ذخائر میں موجودہ ذخیرہ پچھلے 10 سالوں کے اوسط ذخیرہ سے کم ہے۔ ابتدائی 2 ہفتوں میں آبی ذخائر میں کل ذخیرہ 22 فیصد کے قریب تھا، جبکہ اس سے ایک ہفتہ قبل یہ 23 فیصد تھا۔

کمیشن کی رپورٹ کے مطابق شمالی اور مشرقی ہندوستان میں چلچلاتی گرمی کی وجہ سے دہلی سمیت ملک کے کئی علاقوں میں پانی کا بحران دیکھا جا رہا ہے۔ اگر آبی ذخائر میں پانی کے ذخیرہ کو دیکھا جائے تو اس کا جنوبی ہندوستان کی ریاستوں پر گہرا اثر پڑا ہے۔ آندھرا پردیش، تلنگانہ، کرناٹک، کیرالہ اور تمل ناڈو جیسی ریاستوں میں موجود 42 آبی ذخائر کی کل گنجائش 53.334 بی سی ایم ہے۔ سنٹرل واٹر کمیشن کی رپورٹ کے مطابق ان آبی ذخائر میں دستیاب ذخیرہ اب 8.508 بی سی ایم ہے۔ یہ گزشتہ سال کے مقابلے 21 فیصد کم ہے۔

شمالی ہندوستان کی بات کی جائے تو ہماچل پردیش، پنجاب اور راجستھان میں موجود کل 10 آبی ذخائر میں پانی ذخیرہ کرنے کی کل صلاحیت 19.663 بی سی ایم ہے۔ سنٹرل واٹر کمیشن کی رپورٹ کے مطابق ان آبی ذخائر میں پانی کا موجودہ ذخیرہ 5.488 بی سی ایم ہے۔ یہ گزشتہ سال کے مقابلے 39 فیصد کم ہے۔ شمال مشرقی ریاستوں کی بات کی جائے تو آسام، جھارکھنڈ، اوڈیشہ، مغربی بنگال، تریپورہ، ناگالینڈ اور بہار میں 23 آبی ذخائر کی کل ذخیرہ کرنے کی گنجائش 20.430 بی سی ایم ہے۔ ان آبی ذخائر میں موجودہ پانی کا ذخیرہ 3.873 بی سی ایم ہے جو کل گنجائش کا 19 فیصد ہے۔ حالانکہ ان 23 آبی ذخائر میں پانی کا ذخیرہ گزشتہ سال کے 18 فیصد کے مقابلے قدرے بڑھ گیا ہے۔ ہندوستان کی مغربی ریاستوں گجرات اور مہاراشٹر میں کل 49 آبی ذخائر ہیں۔ ان کی پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش 37.130 بی سی ایم ہے۔ ان 49 آبی ذخائر میں پانی کا موجودہ ذخیرہ 7.608 بی سی ایم ہے۔ یہ ذخیرہ گزشتہ سال کے 24 فیصد کے مقابلے کم ہوکر 20.49 فیصد رہ گیا ہے۔

اسی طرح اتراکھنڈ، اترپردیش، مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ میں موجود 26 آبی ذخائر میں پانی ذخیرہ کرنے کی کل صلاحیت 48.227 بی سی ایم ہے۔ موجودہ صورتحال میں ان 26 آبی ذخائر میں 12.185 بی سی ایم پانی کا ذخیرہ ہے۔ یہ ذخیرہ گزشتہ سال کے 32 فیصد کے مقابلے کم ہوکر 25 فیصد رہ گیا ہے۔ سنٹرل واٹر کمیشن کی رپورٹ کے مطابق ملک کے تمام آبی ذخائر میں پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں گزشتہ سال کے مقابلے کمی آئی ہے۔

4 براعظموں کے بیشتر شہر شدید گرم موسم کی زد میں

واشنگٹن، (یو این آئی) دنیا کے 4 براعظموں کے بیشتر شہر موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے اس وقت شدید گرمی کی لپیٹ میں ہیں۔ حالیہ دنوں میں درجہ حرارت میں ریکارڈ اضافے کی وجہ سے ایشیا اور یورپ میں سینکڑوں اموات رپورٹ ہوئیں۔ ادھر سعودی عرب میں حج کی ادائیگی کے دوران جاں بحق حاجیوں کی تعداد ایک ہزار سے بڑھ گئی، جبکہ ہندوستانی دارالحکومت نئی دہلی میں تقریباً 200 افراد کی جانیں گئیں اور نئی دہلی میں مسلسل 38 ویں دن درجہ حرارت 40 سینٹی گریڈ یا اس سے زائد ریکارڈ کیا گیا۔ ماہرین کے مطابق عالمی سطح پر ایک ہیٹ ویو جو پہلے 10 سالوں میں ایک بار آتی تھی، اب 10 سالوں میں 2.8 بار آئے گی، جو 1.2 سینٹی گریڈ زیادہ گرم ہوگی۔ اسی حوالے سے ورلڈ میٹرولوجیکل آرگنائزیشن کا کہنا ہے کہ اس بات کا 86 فیصد امکان ہے کہ اگلے 5 سالوں میں سے ایک سال 2023 کی گرمی کو بھی پیچھے چھوڑ دے گا۔

4 ریاستوں میں اسمبلی انتخابات کی تیاریاں شروع

ووٹر لسٹ کو اپ ڈیٹ کرنے کی ہدایت

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

الیکشن کمیشن نے جمعہ کو ہریانہ، جھارکھنڈ، مہاراشٹر اور مرکز کے زیر انتظام جموں و کشمیر میں قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کی تیاریوں کا عمل 25 جون سے شروع کرنے کا اعلان کیا، جس کے تحت ووٹر لسٹ کو اپ ڈیٹ کرنے کا کام یکم جولائی سے شروع کیا جائے گا۔ مذکورہ تینوں ریاستوں میں موجودہ اسمبلیوں کی میعاد بالترتیب 3 نومبر، 26 نومبر 2024 اور 5 جنوری 2025 کو ختم ہونے والی ہے۔ جموں وکشمیر میں تنظیم نو کے بعد پہلی بار قانون ساز اسمبلی کے انتخابات ہونے ہیں۔ آج جاری کردہ ایک پریس ریلیز میں کمیشن نے کہا کہ پری اسپیشل سمری ریویو (ایس ایس آر) سرگرمی ان چار ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں 25 جون سے شروع کی جارہی ہے۔ اس میں گروپ ہاؤسنگ سوسائٹیوں، کچی آبادیوں، شہری علاقوں اور دیہی علاقوں میں ووٹروں کیلئے انتہائی آسان مقامات پر پولنگ اسٹیشنوں کا قیام/ پولنگ اسٹیشنوں کی معقولیت یا دوبارہ ترتیب اور ووٹر لسٹ کو اپ ڈیٹ کرنے کیلئے پہلے سے نظر ثانی کا کام شامل ہے۔ ان ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں اسمبلی انتخابات کیلئے ووٹر لسٹ کو اپ ڈیٹ کرنے کا کام یکم جولائی 2024 کو شروع ہوگا۔ ہر جگہ پولنگ اسٹیشن وغیرہ میں ترمیم سے پہلے کئے گئے کام کے تحت بی ایل اوز/ سپروائزرز کے ذریعہ گھر گھر تصدیق 25 جون 2024 تک کی جائے گی۔ پولنگ اسٹیشنوں کے مقامات کو متحرک کرنے کا کام 24 جولائی تک ....

(بقیہ صفحہ9 پر)

دنیا میں یوگا کے حوالے سے لوگوں کے تصورات تبدیل

یوگا کو عالمی بھلائی کے طاقتور ایجنٹ کے طور پر دیکھا جا رہا ہے: مودی

سری نگر /نئی دہلی، (یو این آئی)

وزیراعظم نریندر مودی نے جمعہ کو کہا کہ اقوام متحدہ کی طرف سے بین الاقوامی یوگا ڈے منانے کے فیصلے کے بعد گزشتہ دہائی میں دنیا میں یوگا تیزی سے پھیل رہا ہے اور اس سے یوگا سے متعلق لوگوں کے تاثر بدلے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی آج سری نگر، جموں وکشمیر میں یوگا کے 10 ویں بین الاقوامی دن (آئی وائی ڈی) کی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ وزیراعظم نے بین الاقوامی یوگا ڈے کی تقریبات کی قیادت کی اور یوگا سیشن میں حصہ لیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے یوگ اور سادھنا کی سرزمین جموں وکشمیر میں یوگا کے عالمی دن کے موقع پر موجود ہونے پر اظہار تشکر کیا۔ مسٹر مودی نے کہا کہ آج جموں و کشمیر میں یوگا سے پیدا ہونے والا ماحول، توانائی اور تجربہ محسوس کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے یوگا کے عالمی دن پر تمام شہریوں اور دنیا کے مختلف حصوں میں یوگا کرنے والوں کیلئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ بین الاقوامی یوگا ڈے کی 10 ویں سالگرہ کا ذکر کرتے ہوئے، وزیراعظم نے یاد دلایا کہ ریکارڈ 177 ممالک نے اقوام متحدہ میں ہندوستان کی تجویز کی تائید کی ہے۔ انہوں نے بعد میں آئی وائی ڈی کے تناظر میں بنائے گئے ریکارڈز کا بھی ذکر کیا جیسے کہ 2015 میں 35,000 لوگوں نے کرتویہ پتھ پر یوگا کیا اور 130 سے زیادہ ممالک نے گزشتہ سال اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں وزیراعظم کی قیادت میں یوگا پروگرام میں حصہ لیا۔



انہوں نے اس بات پر بھی خوشی کا اظہار کیا کہ ہندوستان میں 100 سے زیادہ اداروں اور 10 بڑے غیرملکی اداروں کو آیوش کی وزارت کے ذریعہ بنائے گئے یوگا سرٹیفیکیشن بورڈ نے تسلیم کیا ہے۔ وزیراعظم نے اس بات پر زور دیا کہ دنیا بھر میں یوگا کرنے والے لوگوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، ساتھ ہی ساتھ اس کی کشش میں بھی مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ یوگا کی افادیت کو لوگ بھی تسلیم کررہے ہیں اور کہا کہ دنیا میں شاید ہی کوئی ایسا لیڈر ہو، جس نے اپنی بات چیت کے دوران یوگا پر بات نہ کی ہو۔ انہوں نے کہا کہ 'تمام عالمی رہنما میرے ساتھ بات چیت کے دوران یوگا میں گہری دلچسپی ظاہر کرتے ہیں'۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ یوگا دنیا کے ہر کونے میں روزمرہ کی زندگی کا حصہ بن چکا ہے۔ دنیا بھر میں یوگا کی بڑھتی ہوئی مقبولیت پر روشنی ڈالتے ہوئے، وزیراعظم نے 2015 میں اپنے ترکمانستان کے دورے کے دوران یوگا سینٹر کے افتتاح کو یاد کیا اور بتایا کہ یوگا آج ملک میں بے حد مقبول ہو چکا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ترکمانستان کی اسٹیٹ میڈیکل یونیورسٹیوں نے یوگا تھراپی کو شامل کیا ہے، سعودی عرب نے اسے اپنے تعلیمی نظام کا حصہ بنایا ہے اور منگول یوگا فاؤنڈیشن کئی یوگا اسکول چلا رہی ہے۔ یوروپ میں یوگا کی مقبولیت کے بارے میں بتاتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ اب تک ڈیڑھ کروڑ جرمن شہری یوگا پریکٹیشنرز بن چکے ہیں۔ ....

(بقیہ صفحہ9 پر)

وزیر اعظم نے سری نگر میں سیلفیاں لیں

سری نگر، (یو این آئی) وزیراعظم نریندر مودی نے جمعہ کی صبح جھیل ڈل کے کناروں پر واقع شیر کشمیر انٹرنیشنل کانفرنس سینٹر میں یوگا کے دسویں عالمی دن کے موقع پر مختلف تعلیمی اداروں کے طلبا کے ساتھ سیلفیاں لیں۔ انہوں نے 'ایکس' پر اپنے ایک پوسٹ میں کہا کہ 'سری نگر میں مابعد یوگا سیلفیاں، یہاں جھیل ڈل کا مثالی ارتعاش'۔ وزیراعظم نے اپنے ایکس پیج پر طلبا کے ساتھ کچھ سیلفیاں شیئر بھی کیں۔ انہوں نے سفید لباس زیب تن کیا ہوا تھا اور سری نگر میں صبح کو ہوئی بارشوں کی وجہ سے سویٹر بھی لگا رکھا تھا اور اعتراف کیا کہ یہاں بارشوں سے سردی پیدا ہو جاتی ہے، لیکن اس سے یہاں کے مقامی لوگوں پر کوئی خاص اثر نہیں پڑتا ہے۔ وادی کے بیشتر علاقوں میں جمعہ کی صبح بارش ہوئی، جس سے درجہ حرارت میں گراوٹ ریکارڈ کی گئی۔ سلفیوں میں وزیراعظم کے ساتھ سفید لباس میں ملبوس بچوں کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھیری ہوئی دیکھی گئیں اور وہ انتہائی خوش نظر آئے اور کچھ خوشی میں اپنے ہاتھ بھی بلند کررہے تھے۔ وزیراعظم نے ایس کے آئی سی سی کے اندر دسویں عالمی یوگا ڈے کی تقریب کی قیادت کی، جس کا موضوع 'اپنے آپ اور سماج کیلئے یوگا' تھا۔

مختصر خبریں

آسام: سیلاب کی صورتحال سنگین ▫ 36 ہلاکتیں

گواہاٹی، (ایجنسیاں) آسام میں گزشتہ چند دنوں سے جاری موسلادھار بارش کی وجہ سے سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ جمعہ کو بھی یہاں سیلاب کی صورتحال سنگین رہی۔ کئی اضلاع میں 4 لاکھ افراد سیلاب کے اثرات سے دوچار ہیں۔ ایک افسر نے یہ اطلاع دی۔ کوپیلی، براک اور کشیارا سمیت کئی ندیاں خطرے کی سطح سے اوپر بہہ رہی ہیں۔ 19 اضلاع کے تقریباً 4 لاکھ لوگ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں رہنے پر مجبور ہیں۔ ان اضلاع میں بجالی، بکسا، بارپیٹا، بسوناتھ، کچھار، درانگ، گولپارہ، ہیلاکانڈی، ہوجئی، کامروپ، کریم گنج، کوکراجھار، لکھیم پور، ناگاؤں، ملباری، سونیت پور، جنوبی سالمارا، تامل پور اور اُدلگوری شامل ہیں۔ آسام کے کچھ حصوں میں ہلکی سے درمیانی بارش کا امکان ہے۔ آنے والے چند دنوں میں مختلف مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش کی بھی پیش گوئی کی گئی ہے۔ شدید بارش اور سیلاب کے سبب کریم گنج سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے۔ یہاں 2 لاکھ لوگ متاثر ہوئے۔ رواں سال سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ اور طوفان میں مرنے والوں کی تعداد 36 ہوگئی ہے۔ ریاست بھر میں 100 سے زیادہ ریلیف کیمپ قائم کیے گئے ہیں۔ ان کیمپوں میں تقریباً 14 ہزار افراد نے پناہ لی ہے۔ سیلاب سے سڑکوں اور پلوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔

بھیما کوریگاؤں کیس کے ملزم کو عبوری ضمانت

نئی دہلی، (یو این آئی) سپریم کورٹ نے جمعہ کو 2018 کے بھیما کوریگاؤں تشدد کیس کے ملزم مہیش راوت کو 27 جون کو اپنی دادی کی آخری رسومات میں شرکت کیلئے 2 ہفتوں کی عبوری ضمانت دے دی۔ جسٹس ایس وکرم ناتھ اور جسٹس ایس وی این بھٹی کی تعطیلاتی بنچ نے انہیں 26 جون سے 10 جولائی تک عبوری ضمانت دی۔ قبائلی حقوق کے کارکن راوت پر 2018 کے ذات پات کے تشدد کے کیس میں غیر قانونی سرگرمیاں (روک تھام) ایکٹ 1967 کی دفعہ 15 کے تحت فرد جرم عائد کی گئی تھی۔ ان پر ممنوعہ سی پی آئی (ماؤسٹ) سے روابط رکھنے اور ملک کے خلاف جنگ چھیڑنے کا بھی الزام ہے۔ بنچ کے سامنے راوت کی طرف سے پیش ہونے والی ایڈوکیٹ اپرنا بھٹ نے کہا کہ ان کی دادی کا مئی کے آخری ہفتے میں انتقال ہوگیا تھا اور کچھ رسومات ابھی ادا کی جانی ہیں۔ اس میں حصہ لینے کیلئے انہیں عبوری ضمانت ملنی چاہیے، جس کے بعد عدالت نے انہیں عبوری ضمانت دی۔

زرمبادلہ کے ذخائر میں 2.92 ارب ڈالر کی کمی

ممبئی، (یو این آئی) غیرملکی کرنسی اثاثوں، سونے اور خصوصی ڈرائنگ رائٹس (ایس ڈی آر) کے ذخائر میں کمی کی وجہ سے 14 جون کو ختم ہونے والے ہفتے میں ملک کے غیرملکی زرمبادلہ کے ذخائر 2.92 بلین ڈالر کم ہوکر 652.9 بلین ڈالر رہ گئے۔ وہیں گزشتہ ہفتے ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر 4.31 ارب ڈالر اضافے کے ساتھ 655.82 ارب ڈالر کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئے تھے۔ ریزروبینک کی طرف سے جمعہ کو جاری کردہ ہفتہ وار اعداد وشمار کے مطابق 14 جون کو ختم ہونے والے ہفتے میں غیرملکی کرنسی کے اثاثے، جوکہ غیرملکی زرمبادلہ کے ذخائر کا سب سے بڑا جزو ہے، 2.09 بلین ڈالر کی بھاری گراوٹ سے 574.24 بلین ڈالر پر آ گئے۔ اس عرصے کے دوران سونے کے ذخائر 1.02 بلین ڈالر کم ہوکر 55.97 بلین ڈالر رہ گئے۔ اسی طرح زیر جائزہ ہفتے میں ایس ڈی آر میں 54 ملین ڈالر کی کمی ہوئی اور یہ کم ہوکر 18.11 بلین ڈالر پر آ گئی۔

لوگ یوگا مشق کو معمولات زندگی میں شامل کریں

گورنر اور وزیراعلیٰ کی راج بھون میں 10 ویں عالمی یوم یوگا پر اجتماعی یوگا مشق میں شرکت

لکھنؤ (ایس این بی)

اترپردیش کی گورنر آنندی بین پٹیل اور وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے جمعہ کو یہاں راج بھون میں 10 ویں عالمی یوم یوگا کے موقع پر منعقدہ اجتماعی یوگا مشق میں شرکت کی۔ گورنر اور وزیراعلیٰ نے یوگا مشق میں حصہ لینے والے یوگا پریکٹیشنرس اور ٹرینیز سمیت ریاست کے تمام لوگوں کو مبارکباد اور نیک خواہشات دیں۔

اس موقع پر گورنر نے کہا کہ 10 ویں عالمی یوم یوگا–2024 کی تھیم 'یوگا فار سیلف اینڈ سوسائٹی' کا مقصد یوگا کو ایک عالمی تحریک کے طور پر پھیلانا اور سماجی طبی مسائل اور عوامی بہبود کے بارے میں بیداری بڑھانے پر توجہ مرکوز کرنا ہے۔ آج وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں 10 ویں عالمی یوم یوگا کا خصوصی یوگا مشق سری نگر میں ہو رہا ہے۔ وزیراعظم نے اقوام متحدہ میں لوگوں کو ایک نئی تحریک دی کہ اگر ہم واقعی عالمی بہبود کی راہ ہموار کرنا چاہتے ہیں تو یوگا کے ذریعے ہی ہم اسے آگے لے جا سکتے ہیں۔

گورنر نے کہا کہ عالمی یوم یوگا ہمیں اپنی رشی روایت کے ورثے پر فخر کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ یوگ صفر بجٹ کے ساتھ دنیا کا پہلا ہیلتھ انشورنس ہے۔ یوگا صحت اور تندرستی کے لیے ایک جامع نقطہ نظر ہے، جو صحت مند اور متوازن طرز زندگی کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

(بقیہ صفحہ9 پر)

کجریوال کو دھچکا ضمانت پر روک

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

دہلی ہائی کورٹ سے دہلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کو آج سخت دھچکا لگا ہے۔ ہائی کورٹ نے دہلی آبکاری پالیسی معاملے میں نچلی عدالت سے دی گئی کجریوال کی ضمانت پر روک لگا دی ہے۔ ای ڈی نے نچلی عدالت کے فیصلے کو ہائی کورٹ میں چیلنج کیا تھا، جس پر ابتدائی سماعت کرتے ہوئے ہائی کورٹ نے سماعت مکمل ہونے تک ضمانت پر روک لگانے کا حکم دیا ہے۔ ہائی کورٹ میں نچلی عدالت کے فیصلے کو چیلنج کرتے ہوئے ای ڈی نے ....

(بقیہ صفحہ9 پر)

سپریم کورٹ کا نیٹ کونسلنگ پر پابندی لگانے سے پھر انکار ▫ این ٹی اے کو نوٹس

6 جولائی سے شروع ہوگی کونسلنگ ▫ این ٹی اے کو فوری طور پر کلین چٹ دینا غلطی تھی: وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کا اعتراف

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

سپریم کورٹ نے ایک بار پھر نیٹ کونسلنگ پر پابندی لگانے سے انکار کر دیا ہے۔ جمعہ (21 جون) کو ایک طالب علم نے درخواست دائر کی۔ انہوں نے کہا کہ 773 امیدوار گریس نمبر پانے بغیر فیل ہوئے ہیں۔ پورے امتحان کو منسوخ کر کے دوبارہ کرایا جائے۔ کیس کی سماعت 8 جولائی کو ہونی ہے، اس لیے 6 جولائی سے شروع ہونے والی کونسلنگ میں بھی 2 دن کی توسیع کی جائے۔ اس پر سپریم کورٹ نے کونسلنگ پر روک لگانے سے انکار کر دیا۔ حالانکہ دوبارہ امتحان کے مطالبہ پر این ٹی اے کو 2 ہفتوں کے اندر جواب داخل کرنے کو کہا گیا ہے۔

20 جون کو سپریم کورٹ میں نیٹ معاملے کی سماعت کے دوران جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا کی تعطیلاتی بنچ نے نیٹ کونسلنگ پر روک لگانے سے انکار کر دیا تھا۔ بنچ نے اس معاملے میں سی بی آئی جانچ کی مانگ کو مسترد کرتے ہوئے کہا تھا کہ ہم تمام فریقین کو سنے بغیر سی بی آئی جانچ کا حکم نہیں دے سکتے۔ 20 جون کو ہونے والی سماعت میں میگھالیہ کے امیدواروں کی عرضی پر سماعت کرتے ہوئے سپریم کورٹ نے کہا تھا کہ اگر نیٹ امتحان منسوخ ہوتا ہے تو کونسلنگ بھی منسوخ کر دی جائے گی۔ اس عرضی میں طلبا نے گریس مارکس پانے والے 1563 امیدواروں میں انہیں بھی شامل کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ ٹسٹر میں ان کے بھی 45 منٹ ضائع ہوئے تھے۔ ایسے میں انہیں بھی گریس مارکس ملنے چاہئیں۔

ادھر سپریم کورٹ میں نیٹ۔ یوجی پیپر لیک معاملے میں مسلسل سماعت ہو رہی ہے۔ اسی کے ساتھ ہی اس معاملے میں گرفتار ملزمین کی جانب سے نت نئے انکشافات بھی سامنے آرہے ہیں۔ اب اس معاملے میں وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے ایک بڑا بیان دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ این ٹی اے کو کلین چٹ دینے کے معاملے میں مجھ سے جلد بازی ہوگئی اور جیسے ہی مجھے اس کا علم ہوا، میں پوری طرح فعال ہوگیا۔ مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے حال ہی میں ایک نیوز پورٹل کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ میری غلطی تھی۔ میں نے الیکشن کے بعد وزارت کا کام کاج سنبھالا تھا، وہ میرا پہلا دن تھا۔ اسی دن سپریم کورٹ نے دوبارہ ٹسٹ کرانے کا حکم دیا تھا۔ اس وقت تک میرے پاس بے ضابطگی کی کوئی اطلاع نہیں تھی۔ ....

(بقیہ صفحہ9 پر)

پیپر لیک کے خلاف کانگریس کا ملک گیر مظاہرہ

نئی دہلی/ لکھنؤ (ایس این بی/یو این آئی) کانگریس نے جمعہ کو ملک کی مختلف ریاستوں کی راجدھانیوں میں میڈیکل داخلہ امتحان این ای ای ٹی کے پیپر لیک کو لے کر مظاہرہ کیا اور پیپر لیک کے ملزمین کو فوری طور پر سخت سزا دینے کا مطالبہ کیا۔ مدھیہ پردیش میں کانگریس کارکنوں نے ریاستی صدر جیتو پٹواری اور سابق وزیراعلیٰ دگ وجے سنگھ کے ساتھ این ای ای ٹی پیپر لیک گھپلہ کے خلاف احتجاج کیا اور کہا کہ مودی حکومت میں مسلسل پیپر لیک ہونے سے ملک کی بنیاد کمزور ہو رہی ہے۔ یہ لاکھوں طلباء کے ساتھ غداری اور ناانصافی ہے۔ چھتیس گڑھ میں سابق وزیراعلیٰ بھوپیش بگھیل کی قیادت میں احتجاج کرتے ہوئے کارکنوں نے کہا کہ مودی حکومت میں بڑھتے ہوئے لالچ اور بدعنوانی کی وجہ سے طلبا کا مستقبل داؤ پر لگا ہوا ہے۔ اترپردیش میں کانگریس کے کارکنوں نے ریاستی صدر اجے رائے کی قیادت میں پیپر لیک اسکام کے خلاف سخت احتجاج کیا اور کہا کہ آمرانہ حکومت چاہے کتنی ہی طاقت آزمائے، وہ ناانصافی کے خلاف ہماری آواز کو دبا نہیں سکے گی۔ این ای ای ٹی امتحان کو منسوخ کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ لڑائی ان تمام بچوں اور ان کے والدین کیلئے ہے،

(بقیہ صفحہ9 پر)

یوپی کانگریس صدر اجے رائے کو گرفتار کرکے لے جاتی ہوئی پولیس۔

Hamdard
TRUSTED SINCE 1906
MyHamdardStore.com
SCAN TO SHOP
Hamdard
ست اسپغول
پائیں راحت... جھٹ پٹ
NATURAL HUSK
Hamdard SAT ISABGOL
PSYLLIUM HUSK
HEALTH SUPPLEMENT
Rich in Natural Fibre
Net Weight 200 g
قدرتی بھوسی
اعلیٰ معیار کی سیلیم بھوسی
صحت مند معدہ کے لیے
INNOCEAN-020/24 URDU

ہمیں فالو کریں:
Share your experience, Call us: 1800 1800 600 or Write us at: info@hamdard.com or Visit us at: www.hamdard.com Hamdard Laboratories India (Food Division), Registered & Consumer Care Office: Hamdard Manzil, Lal Kuan, Delhi - 110 006, India